پس منظر نامہ

Ontario

وزارت تحفظ کمیونٹی و کوریکشنل سروسز

وزارت اٹارنی جنرل

فوری ریلیز کیلئے
دسمبر 8 ، 2006ء

نفرت انگیز جرائم (Hate Crimes) کے کمیونٹی ورکنگ گروپ کی رپورٹ

نفرت انگیز جرائم کے کمیونٹی ورکنگ گروپ کی تقرری اٹارنی جنرل مائیکل برائنٹ (Michael Bryant) اور وزیر تحفظ کمیونٹی و کوریکشنل سروسز مانٹی کونٹر (Monte Kwinter) نے ماہ دسمبر 2005ء میں کی ۔ گروپ کو اختیار دیا گیا کہ صوبے میں نفرت انگیز جرائم کی روک تھام کے طریقوں کے بارے میں وزیروں کو مشورے دیں ، بمع ان خدمات کو بہتر بنانے کی تدبیروں کے جو نفرت انگیز جرم کا شکا ر ہونے والوں کیلئے ہیں اور نفرت انگیز جرم کا نشانہ بننے کو کم کرنےکیلئے جو کہ دونوں افراد اور بڑی کمیونٹیاں ہو سکتے ہیں۔

نفرت انگیز جرم سے نمٹنے کیلئے 10ممبران اپنے اس کام میں کمیونٹیوں کے تناظر سے تنو ع ، مہارت اور تجربہ ساتھ لائے ۔ ورکنگ گروپ نے اشاعت شدہ تحقیق کا جائزہ لیا ، ریجنل کمیونٹی کی میٹنگوں اور فوکس گروپوں کا انعقاد کیا، اور ان ایجنسیوں کو الیکٹرونک سوالنامہ بھیجا جو نفرت انگیز جرم کو روکنے کا کام کررہی ہیں ، اعلی تعلیم یافتہ لوگوں ، وکلاء ، حکومت کے اہلکاروں ، شکار ہونے والوں کی خدمات کے عملے ، پراسیکیوٹرز ، پولیس اور تعلیم دینے والوں سے ملاقاتیں کیں ۔ ورکنگ گروپ نے بہت سے شکار ہونے والے گروپوں کے نمائندوں سے براہ راست بات چیت کی، جیسے کہ قدیمی باشندے ، افریکن کینیڈین ، یہودی ، عرب ، مسلمان ، جنوبی ایشیئن ، مشرقی ایشیئن ، اور نسوانی ہم جنس پرست/مرد ہم جنس پرست/دو جنسوں والے/ٹرانس جینڈرڈ(Transgendered)/ٹوسپرٹڈ (Two-Spirited)/دوجنسوں کے خصائل والے افراد کی کمیونٹیاں ۔ تمام کے اندر ، ورکنگ گروپ نے 600 سے زائد سٹیک ہولڈرز (stakeholders) اور کمیونٹی ممبران سے معلومات حاصل کیں ۔

نفرت انگیز جر ائم کے کمیونٹی ورکنگ گروپ کے ممبران

چیئر : کیر ن ماک (Karen Mock)

ممبر ان : میری چین (Marie Chen) ، جرمین ایلیئٹ (Germaine Elliott) ، برنی فاربر (Bernie Farber) ، راجہ خوری (Raja Khouri) ، اعجاز قمر (Ijaz Qamar) ، عظمیٰ شاکر (Uzma Shakir) ، ہاورڈ شلمین (Howard Shulman) ، این میری سٹیوارٹ(Anne-Marie Stewart) ، جین تالم(Jane Tallim)

تجویز کردہ حکمت عملی

ورکنگ گروپ نے نفرت کے شکار لوگوں کی مدد کیلئے ، نفرت انگیز جر ائم اور نفرت انگیز واقعات کی روک تھام کیلئے ماضی اور حال کے تجربات کی روشنی میں تدابیر ، جداگانہ پن ، جدیدیت اور اثر انگیزی کی حوصلہ افز ائی کیلئے ایک حکمت عملی ترتیب دی ہے ۔ حکمت عملی جرائم کے کوڈ میں شناخت کئے جانے والے نفرت انگیز جرائم سے آگے تک جاتی ہے ۔ یہ صرف ان افرادکے اعمال کا ہی احاطہ نہیں کرتی جونفرت انگیزی کا عمل کرتے ہیں بلکہ یہ ان کے روئیوں ، نظام ، بناوٹ اور ان انتظامات کا بھی احاطہ کرتی ہے جو ایسا کرنے کیلئے یا ایسا کرنے کی وجوہات تلاش کرنے میں ان کی مدد کرتے ہیں ۔

ورکنگ گروپ میں حکمت عملی کے ہر ایک حصے میں مقاصد اور اہدافی بیانات شامل ہیں ، اور ان کے حصول میں مدد کیلئے مرتبہ سفارشات ہیں ۔ حکمت عملی نفرت اور نفرت انگیز جرائم سے تعلق رکھنےوالے وسیع پیمانے کے حصوں پر مشتمل ہے ، بشمول قدیمی رہنے والے باشندوں کی یکتہ پوزیشن ، کمیونٹیوں کا کردار ، ان پیشہ ور لوگوں کی تعلیم اور ٹریننگ جو شکار ہونے والوں کے ساتھ کام کرتے ہیں ، شکار ہونے والوں کی خدمات ، انصاف کے نظام کے اندر اندر جواب اور علاج ، اور عوام کی آگاہی اور سمجھ بوجھ۔

اس دستاویزکا *11* زبانوں میں ترجمہ کیا جائے گا اورجلد ہی یہ تراجم منسٹری کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گے ۔
www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca

انگریزی اور فرانسیسی میں مکمل رپورٹ منسٹری کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہے ۔
www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca .

- 30 -

روابط :

اینتھونی براؤن (Anthony Brown)
وزارت تحفظ کمیونٹی و کوریکشنل سروسز (Ministry of Community Safety and Correctional Services)
کمیونیکیشنز برانچ (Communications Branch)
(416) 314-7772

برینڈن کرالے (Brendan Crawley)
وزارت اٹارنی جنرل (Ministry of the Attorney General)
کمیونیکیشنز برانچ (Communications Branch)
(416) 326-2210